# مطبوعات

(ادارہ)

**پیغمبرانہ دعائیں:** از جناب ڈاکٹر خالد علوی' شعبہ اسلامیات' پنجاب یونیورسٹی' نیو کیمپس' لاہور' ناشر: انسٹیٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز۔ طابع اور ناشر: ادارہ ادب اسلامی وحدت روڈ' لاہور۔ قیمت درج نہیں۔ کاغذ ہلکا' کتابت بھی درجہ اول کی نہیں۔ دبیز رنگین سرورق۔

خدا کے بندوں کی روح کردار ایمان اور خدا سے ذریعہ ربط دعا ہے۔ دعا جو تمام عبادات کا لازمی حصہ ہے (الدعا مخ العبادہ) اور دعا جس کے کلمات میں آدمی کے ایمانی جذبات لفظوں کی صورت اختیار کر کے خود اس پر بھی اس کے باطن کو منکشف کرتے ہیں' اور خدا سے محبت کے رشتے کو بھی استوار کرتے ہیں۔ سچا خدا پرست ہر لمحہ ہر معاملے میں دعا کا سہارا لیتا ہے اور اس سے تقویت حاصل کرتا ہے' نیز خدا کی عنایات خاص سے دنیا و آخرت کی بھلائی کا حصہ پاتا ہے۔

خدا کے انبیاء علیہم السلام نے مختلف حالات و ضروریات میں' خدا سے جو دعائیں بہترین ایمانی جذبات اور بہترین الفاظ کے ساتھ کی ہیں' جن میں سے بیشتر در اجابت سے گزر کر مرتبہ قبولیت کو پہنچیں' ان کو خود اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام مجید میں شامل کر دیا ہے۔

اس کتاب کے مقدمے میں اور مختلف ابواب کی توضیحات میں صحیح نقطۂ نظر کے ساتھ دعا کی اہمیت' آدابِ دعا' قبولیت کی شرائط وغیرہ موضوعات پر ایمان افروز اور شعور آفریں حقائق بیان کیے گئے ہیں۔ ہر دعا کے ساتھ اور ہر دعائیہ حقیقت کے ساتھ حوالہ درج ہے۔

اوّلاً یہ کتاب برطانیہ کی مسلم کمیونٹی کے لیے لکھی گئی تھی' مگر اب پاکستان اور دوسرے